9986-قبروں پرمیت کے متعلق معلومات لکھنے کا حکم

سوال

کیا قبر پر لوہے وغیرہ کا کتبہ لگانا جائز ہے، جس پر قرآنی آیات اور میت کا نام اور تاریخ وفات ..... الخ لکھی ہوئی ہو..؟

پسندیدہ جواب

قبر پر لکھنا
جائز نہیں، نہ تو قرآنی آیات اور نہ ہی کوئی چیز لکھنا، نہ تو لوہے کا کتبہ لگایا
جا سکتا ہے اور نہ ہی لکڑی وغیرہ کا، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی
ممانعت ثابت ہے.

جابر رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے
ہیں کہ :

"رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے
قبر پختہ کرنے اور اس پر بیٹھنے اور اس پر تعمیر کرنے سے منع فرمایا"

اسے امام مسلم رحمہ اللہ تعالی نے
صحیح مسلم میں روایت کیا ہے.

اور ترمذی اور نسائی رحمہما اللہ
تعالی نے صحیح سند کے ساتھ مندرجہ ذیل الفاظ زیادہ روایت کیے ہیں :

"اور یہ کہ قبر پر لکھا جائے".